(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

## شادی

پاکستان میں شادی اور گھریلو سلوک واتفاق کے حوالے سے جاری ہونے والی "پانچویں" پریس ریلیز

"ماں کی صحت- طبّی معائنے کے لیے ڈاکٹر کے پاس جانے میں دی جانے والی محدود یا عدم معاونت"

**تقریباً ہر 10 میں سے 3 (30%) پاکستانی خواتین کے مطابق، جب اُن کے بچے کی پیدائش متوقع تھی تو اُن کے شوہر ان کے ساتھ ڈاکٹر کے پاس کبھی نہیں گئے، جبکہ دوسرے نمبر پر اس حوالے سے زیادہ شرح ساس کی پائی گئی، جو کہ 29% رہی۔**

**(گیلپ & گیلانی سروے)**


(اسلام آباد)، 11 نومبر 2025

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، تقریباً ہر 10 میں سے 3 (30%) پاکستانی خواتین کے مطابق، جب اُن کے بچے کی پیدائش متوقع تھی تو اُن کے شوہر ان کے ساتھ ڈاکٹر کے پاس کبھی نہیں گئے، جبکہ دوسرے نمبر پر اس حوالے سے زیادہ شرح ساس کی پائی گئی، جو کہ 29% رہی۔

یہ پریس ریلیز گیلپ پاکستان کی جانب سے شادی اور گھریلو سلوک واتفاق کے موضوع پر جاری ہونے والی پریس ریلیز کی سیریز کا حصہ ہے۔اس سیریز کی پچھلی پریس ریلیز "ماں کی صحت- طبّی معائنے کے لیے ڈاکٹر کے پاس جانے میں دی جانے والی مسلسل معاونت" تک رسائی حاصل کرنے کیلئے یہاں کلک کریں۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب شادی شدہ خواتین جن کے بچے ہیں سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **" جب آپ کے بچے کی پیدائش متوقع تھی، تو بتائیں کہ ڈاکٹر کے پاس آپ کے ساتھ کون کبھی نہیں گیا؟"**۔اس سوال کے جواب میں، خواتین کی اکثریت (30%) کے مطابق جب اُن کے بچے کی پیدائش متوقع تھی تو اُن کے "شوہر" اُن کے ساتھ ڈاکٹر کے پاس کبھی نہیں گئے۔اس کے علاوہ، 29% خواتین جوابدہندگان کا کہنا تھا کہ اُن کی "ساس" اُن کے ساتھ ڈاکٹر کے پاس کبھی نہیں گئیں، جبکہ 16% جوابدہندگان نے "والدہ" کا ذکر کیا۔جوابدہندگان کی کم شرح نے اس حوالے سے دیگر جوابات دیئے (10%)، 10% جوابدہندگان کو اس حوالے سے کچھ یاد نہیں، اور 5% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

**" جب آپ کے بچے کی پیدائش متوقع تھی، تو بتائیں کہ ڈاکٹر کے پاس آپ کے ساتھ کون کبھی نہیں گیا؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*

*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 579 شادی شدہ خواتین اور مرد حضرات، سے 12 ستمبر تا 23 ستمبر 2025 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینہ شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3%-2± لگایا گیا ہے۔اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

# شادی اور گھریلو سلوک و اتفاق پر 2025 میں جاری ہونے والی پریس ریلیز کی سیریز

2025 میں پاکستان میں شادی اور گھریلو سلوک و اتفاق کے حوالے سے گیلپ پاکستان کی جانب سے جاری کی جانے والی پریس ریلیز کی سیریز تک رسائی حاصل کرنے کیلئے آپ مندرجہ ذیل لنک پر کلک کر سکتے ہیں۔

**پریس ریلیز 1** : گزشتہ ہفتے کے دوران شوہر / بیوی کے درمیان لڑائی جھگڑا – https://gallup.com.pk/post/39168

**پریس ریلیز 2** : ازدواجی تعلقات / تنازعات کا حل – https://gallup.com.pk/post/39171

**پریس ریلیز 3** : پاکستان میں ازدواجی تنازعات کی ذمہ داری – https://gallup.com.pk/post/39175

**پریس ریلیز 4** : ماں کی صحت - طبّی معائنے کے لیے ڈاکٹر کے پاس جانے میں دی جانے والی مسلسل معاونت – https://gallup.com.pk/post/39178

**Opinion Poll from Gallup Pakistan**

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Tuesday, 11th November 2025**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:** Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as **Gallup Pakistan** (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by **Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook: https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll 2025

celebrating 45 years of Gallup Pakistan (1980-2025)